تبصرے

الدین القیم | از مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی صدر شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن تقطیع خورد ضخامت ۲۲۷ صفحات طباعت وکتابت متوسط قیمت دو روپیہ۔ پتہ:۔ مکتبہ الفرقان بریلی۔

یہ دراصل مولانا کی ان یادداشتوں کا مجموعہ ہے جو آپ وقتاً فوقتاً دینیات کے طلبہ کے لئے قلمبند کرتے رہے تھے۔ اسی بنا پر یہ اگرچہ ضخامت کمتر ہے لیکن اس کے بقیمت بہتر ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے اس میں مولانا نے فلسفہ کے جدید اسلوب بیان کی روشنی میں بدلائل قطعی یہ ثابت کیا ہے کہ مذہب انسانی فطرت کا طبعی مطالبہ ہے۔ انسانی طبیعت میں عالم مابعد الطبیعیات کے متعلق جو سوالات پیدا ہوتے ہیں ان کا جواب نہ فلسفہ کے پاس ہے اور نہ سائنس کے پاس۔ صرف مذہب ہی ایک ایسی چیز ہے جو ان سوالات کا تسکین بخش جواب دے سکتا ہے۔ اس کے بعد آپ نے یہ بتایا ہے کہ جھوٹے اور سچے مذہب کے درمیان مابہ الامتیاز کیا ہے۔ اور ان کے علائم ونشانات کیا کیا ہیں۔ پھر آپ نے صفات باری پر عموماً اور توحید پر خصوصاً مفصل ومدلل کلام کیا ہے۔ اور اس کے بعد مختلف مسائل مثلاً وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود، جبر واختیار، مسئلہ شفاعت۔ اجر وثواب۔ جنت ودوزخ۔ زہد وقناعت اعجاز قرآنی وغیرہ وغیرہ متعدد اسلامی اصول ومسائل ہیں جن کو مولانا نے عجیب وغریب حکیمانہ اور فلسفیانہ انداز میں بڑی وضاحت اور صفائی سے بیان کیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ مومنین قانتین کے لئے ایمان کی پختگی کا۔ اور غیر مسلموں اور متشککین کے لئے نور بصیرت کے پیدا ہونے کا سبب ہوگا۔

چند ہم عصر | ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی اردو۔ تقطیع متوسط کتابت و طباعت بہتر ضخامت ۱۸۸ صفحات قیمت مجلد عہ/ پتہ:۔ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

مولوی ڈاکٹر عبدالحق صاحب ہمارے کاروانِ گذشتہ کے چند ہی بچے کھچے بزرگوں میں سے ہیں پچھلے دور کے بڑے بڑے لوگ جن میں کوئی شاعر تھا۔ کوئی ادیب ومصنف۔ کوئی قومی کارکن یا کوئی وکیل وبیرسٹر۔ مولوی صاحب موصوف کو ان میں سے متعدد اصحاب کے ساتھ صحبت رہی یا یک گونہ تعلق رہا ہے۔ اس بنا پر ان حضرات کی نسبت مولوی صاحب کو جو معلومات حاصل ہیں وہ زیادہ تر خود اپنے مشاہدہ اور ذاتی تجربہ پر مبنی ہیں اور اس لئے مستند اور لائق اعتماد ہیں۔ مختلف مضامین یا